# سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ روشن پیکیجز لمیٹڈ (''کمپنی'') کا چودھواں سالانہ اجلاسِ عام 22 نومبر 2017 بروز بدھ صبح 30 :11 بجے نادیہ ہال، نادیہ کیٹرنگ کمپنی ۶۔کلومیٹر رائے ونڈ روڈ لاہور میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیرِ بحث لائے جائیں گے۔

## عام معاملات

1۔ چیئرمین کی جائزہ رپورٹ' ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ مع 30 جون 2017ء کو مکمل ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ جداگانہ اور مجموعی مالیاتی گوشواروں کو وصول کرنا' زیرِ غور لانا اور اختیار کرنا۔

2۔ 30 جون 2017ء کو مکمل ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے تجویز کردہ ایک روپے فی حصص کے حتمی نقد ڈیویڈنڈ (یعنی @10 فیصد) کی ادائیگی کی منظوری دینا۔

3۔ کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ بورڈ اور آڈٹ کمیٹی نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جگہ پر میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی کمپنی کے بطور آڈیٹرز تقرری کی سفارش کی ہے۔ اس سلسلے میں سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز کی جگہ پر ایک آڈیٹر کی تقرری کے بارے میں ارکان کو اطلاع دے دی گئی ہے جیسا کہ کمپنیز آرڈیننس 2017ء کی شق (2) 246 کے تحت ضروری قرار دیا گیا ہے۔

## خصوصی معاملات

4۔ منظور کرنا' جیسا کہ ڈائریکٹرز کی طرف سے تجویز کیا گیا' شیئر پریمیم اکاؤنٹ میں سے 107,500,000 روپے کی سرمایہ بندی کے بعد ارکان کے پاس موجود ہر دس شیئرز کے لیے ایک شیئر (یعنی 10 فیصد) کے تناسب سے بونس شیئرز کا اجرا

5۔ غور کرنا اور ای-ووٹنگ کی خاطر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کی منظوری دینا۔

6۔ غور کرنا اور سال مختتمہ 30 جون 2017ء کے دوران متعلقہ اداروں کے ساتھ کاروباری امور کی انجام دہی کی منظوری دینا اور اگلے اجلاسِ عام تک متعلقہ اداروں کے ساتھ کاروباری امور کی انجام دہی کے لیے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو بااختیار کی منظوری دینا۔

7۔ سالانہ رپورٹ مع سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس' سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس اور اس سلسلے میں کمپنی کی دیگر معلومات کی بذریعہ سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے حصہ داران کو ترسیل کے لیے رضامندی حاصل کرنا۔

8۔ میسرز روشن سن تاؤ پیپر ملز (پرائیویٹ) لمیٹڈ جو کہ ایک ذیلی ادارہ ہے کو لمبی مدت کی سرمایہ کاری کے لیے حصص کی مالیت' قرضوں اور پیشگی ادائیگی کی مد میں لمبی مدت کی سرمایہ کاری کی منظوری دینا' کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 199 کے تحت جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز کیا اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قراردادوں کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر بطور خصوصی قراردادوں کے منظور کرنا: ''قرار پایا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 199 کے تحت روشن پیکیجز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ارکان کی طرف سے یہ منظوری دی جاتی ہے کہ اس کے ذیلی ادارے روشن سن تاؤ پیپر ملز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو طویل مدتی سرمایہ کاری کے لیے 506.4 ملین روپے تک کے عام شیئرز 10 روپے فی شیئر کے حساب سے اس کی موجودہ شیئر ہولڈنگ پر کمپنی کو پیشکش کی جائے گی اور اس کی شرائط وضوابط کو ارکان پر افشا کیا جائے گا۔''

''مزید قرار پایا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 199 کے تحت روشن پیکیجز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ارکان کی طرف سے اس کے ذیلی ادارے روشن سن تاؤ پیپر ملز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو قرضوں اور پیشگی ادائیگی کی مد میں سرمایہ کاری کے لیے 260 ملین روپے تک کی منظوری دی جاتی ہے۔ یہ ادائیگی چار سال کی مدت کے لیے 8 فیصد سالانہ کی شرح سود کے حساب سے ہوگی۔ یہ شرائط وضوابط تحریری معاہدہ کی شکل میں طے کی جائیں گی اور انھیں ارکان پر افشا کیا جائے گا۔''

''مزید قرار پایا جاتا ہے کہ قرارداد پانچ سال کے لیے مؤثر ہوگی اور مندرجہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کی خاطر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو تمام کام' افعال اور اقدامات کرنے کے لیے اختیار دینا' تمام قانونی ضابطوں کو مکمل کرنے کے لیے کوئی ایک یا تمام ضروری اقدامات بشمول دستخط کرنا اور معاہدوں پر عمل درآمد کرنا اور دیگر دستاویزات اور تمام ضروری دستاویزات جو کہ لازمی یا متعلقہ ہوسکتے ہیں کو دائر کرسکتے ہیں۔''

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق (3) 134 کے تحت میٹریل فیکٹس کا ایک بیان اجلاس کی اطلاع کے ساتھ منسلک ہوگا جو ارکان کو بھیجی جائے گی۔

بحکم بورڈ

31 اکتوبر 2017ء
کمپنی سیکرٹری لاہور

## نوٹس:

## شیئرز بک کی بندش

1۔ کمپنی کی شیئرز منتقلی کی کتابیں 14 نومبر 2017ء سے 22 نومبر 2017ء تک بند رہیں گی (بشمول دونوں دن)۔ اس سلسلہ میں جو منتقلی ہمارے شیئرز رجسٹرار کے دفتر سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، 'بلاک بی' مین شاہراہ فیصل کراچی میں 13 نومبر 2017ء کے کاروباری دن کے اختتام تک وصول ہو جائے گی وہ منقول الیہ کو حتمی نقد ڈیویڈنڈ اور سالانہ اجلاسِ عام (اے جی ایم) میں شرکت کے استحقاق کے لیے بروقت تصور کی جائے گی۔

2۔ اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا اہل رکن اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے اپنا نائب مقرر کر سکتا ہے۔ نائب کا کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے۔

3۔ پراکسی کی تقرری کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویز جس کے تحت تقرری ہوئی یا پاور آف اٹارنی کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ کاپی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرار آفس میں جمع کروانے ہوں گے۔

4۔ ایسے ارکان جنھوں نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (''سی ڈی سی'') میں جمع کروائے ہیں انھیں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

### (الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:

(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی کے ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کے لیے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنے ہوں گے۔

(ii) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

### (ب) پراکسی کی تقرری کے لیے:

(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی کے ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں، پراکسی فارم اوپر دی گئی شرائط کے مطابق جمع کرانے ہوں گے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہونے چاہئیں۔

(iii) اصل مالک اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنی ہوں گی۔

(iv) پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پراکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنا ہوگا۔

### 5۔ ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقول کی حوالگی:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ SRO831(I)/2012 مورخہ 05 جولائی 2012ء میں ضروری قرار دیا ہے کہ تمام ڈیویڈنٹ وارنٹس پر شیئر ہولڈر یا اس کے مجاز شخص کا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر کا لکھنا ضروری ہے ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ ممبران کے۔ اس لیے ڈیویڈنٹ وارنٹس کی ادائیگی کے لیے حصہ داران کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر لازمی ہیں اور اس معلومات کی غیر موجودگی میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لی جائے گی اور صرف اسی صورت میں جاری کی جائے گی تاوقتیکہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی درست کاپی جمع کرا دی جائے۔ ایسے شیئر ہولڈرز جنھوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ مہیا نہیں کیے کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی ہمارے شیئر رجسٹرار کے اوپر دیے گئے پتا پر براہ راست جمع کروا دیں۔

### 6۔ کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرانک موڈ:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 242 کے مطابق لسٹیڈ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی حصہ داران کے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست صرف اور صرف بذریعہ الیکٹرانک موڈ ہی کرے گی۔ بعد ازاں بذریعہ 2017ء کے سرکلر نمبر 18 مورخہ یکم اگست 2017ء سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن نے ڈیویڈنٹ وارنٹس کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کیش میں کرنے کے لیے 31 اکتوبر 2017ء تک ایک وقت کی نرمی کر دی ہے۔ اس لیے شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ رپورٹ میں دیے گئے ای۔ ڈیویڈنٹ فارم پر جو کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے الیکٹرانک ڈیویڈنٹ مینڈیٹ مذکورہ بالا پتے پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ اس صورت میں کہ شیئرز سی ڈی سی کے پاس ہیں، تو یہی اطلاع سی ڈی سی حصہ داران کو فراہم کی جائے تا کہ وہ اسے اپ ڈیٹ اور کمپنی کو فارورڈ کر سکیں۔

## 7۔ سالانہ گوشواروں کی بذریعہ ای۔میل ترسیل:

وہ حصہ داران جو سالانہ گوشواروں اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کو الیکٹرانک طریقے سے وصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ اپنی تحریری رضامندی جمع کرائیں۔ الیکٹرانک ترسیل کے لیے اسٹینڈرڈ رضامندی فارم سالانہ گوشوارے میں اور کمپنی کی ویب سائٹ www.roshanpackages.com.pk پر دستیاب ہے۔

## 8۔ ڈیویڈنڈ کی رقم سے نظر ثانی شدہ شرح سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:

فنانس ایکٹ 2017ء لاگو شدہ یکم جولائی 2017ء کی شرائط کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے انکم ٹیکس کی کٹوتی، انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں اور انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں کی بنیاد پر درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | شیئر ہولڈرز کی قسم | کٹوتی کی شرح |
|---|---|---|
| 1 | انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں کے لیے | 15.0 فی صد |
| 2 | انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں کے لیے | 20.0 فی صد |

انکم ٹیکس کی کٹوتی فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔

ایسے ارکان جو انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنٰی چاہتے ہیں یا کم شرح سے کٹوتی کے اہل ہیں ان سے درخواست ہے کہ ایک کارآمد ٹیکس سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت جو بھی صورت ہو جمع کرائیں۔

ایسے حصہ داران جو انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں اور انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں کی مشترکہ حصہ داری رکھتے ہوں سے الگ الگ معاملہ کیا جائے گا اور اس مخصوص صورت حال میں، ہر حصے دار کو انکم ٹیکس فائلر یا نان فائلر کے طور پر دیکھا جائے گا اور ٹیکس کی کٹوتی بھی شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے کی جائے گی۔ اگر شیئر ہولڈنگ کا تعین ممکن نہ ہو تو ہر حصے دار کی شیئر ہولڈنگ کا تناسب برابر تصور کیا جائے گا اور اسی لحاظ سے کٹوتی کی جائے گی۔ اس لیے زیادہ شرح سے انکم ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لیے مشترکہ حصہ داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ شیئر ہولڈنگ کی مندرجہ ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو سالانہ اجلاسِ عام کی تاریخ سے پہلے فراہم کر دیں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | حصہ دار کا نام | کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ | شیئرز کی کل تعداد | پرنسپل/مشترکہ حصہ دار |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

## 9۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات کے مطابق ایسے شیئر ہولڈرز جو کسی شہر میں رہتے ہیں اور کل ادا شدہ شیئر کیپٹل کا کم از کم 10 فیصد ہولڈنگ رکھتے ہیں، اجلاس میں شرکت کے لیے کمپنی سے ویڈیو لنک کی سہولت مانگ سکتے ہیں۔ ویڈیو لنک سہولت کی ڈیمانڈ سالانہ رپورٹ میں فراہم کیے گئے اسٹینڈرڈ فارم پر جو کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم دس روز قبل مذکورہ بالا پتے پر شیئر رجسٹرار کو دی جائے۔

## 10۔ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:

کمپنی نے سال مختتمہ 30 جون 2017ء کے لیے آڈٹ شدہ سالانہ علیحدہ اور مجموعی مالیاتی گوشواروں مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اپنی ویب سائٹ www.roshanpack پر ڈال دیے ہیں۔